## سوال

(938) مسافر کا مقیم امام کے پیچھے دو رکعت ادا کرنا

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا مسافر مقیم امام کے پیچھے دوگانہ پڑھ سکتا ہے؟ جب کہ چار رکعت نماز میں دوسری رکعت کے بعد شامل ہوا ہے۔ (قاری عبدالغفار سلفی شیخوپوری)

---

# الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

مسافر کو مقیم امام کی اقتدا میں نماز پوری پڑھنی چاہیئے خواہ امام نماز کے آخری مراحل میں کیوں نہ ہو، کیونکہ اس کی نماز کی بنا امام کی تکبیر تحریمہ پر ہے۔ اسی طرح اگر مسافر امام نماز پوری پڑھے تو مقتدی مسافر کو بھی اس کے ساتھ پوری نماز پڑھنی چاہیئے۔ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ مسافر کے لئے چار رکعت کے قائل نہیں تھے لیکن حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی اقتدا میں انہوں نے حالتِ سفر میں پوری نماز پڑھی تھی۔ اس سے معلوم ہوا کہ مقیم امام کی اقتدا میں بطریق اولیٰ پوری نماز پڑھنی چاہیئے۔

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

کتاب الصلوٰۃ : صفحہ : 777

محدث فتویٰ